www.PapaCambridge.com

Cambridge International A Level

**Cambridge International Examinations**
Cambridge International Advanced Level

**URDU** **9676/04**

Paper 4 Texts **October/November 2014**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

*0330052016*

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, glue or correction fluid.
DO **NOT** WRITE IN ANY BARCODES.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
Dictionaries are **not** permitted.
You may **not** take set texts into the examination.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
The number of marks is given in brackets [ ] at the end of each question or part question.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیجیے۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی دی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔
اپنا نام سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیے۔
گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جواب لکھیے۔
اسٹیپلز ، پیپر کلپ، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
کسی بار کوڈ میں نہ لکھیں۔

کوئی سے تین سوالوں کے جواب دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے ناول، ڈرامے یا شاعر سے ہونا چاہیے۔ آپ کے لیے پہلے اور دوسرے حصے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

اپنے جواب اردو میں جوابی کاپی پر لکھیے۔

لغت کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

کمرۂ امتحان میں نصابی کتابیں لے جانے کی اجازت **نہیں** ہے۔

آپ کا ہر جواب ۵۰۰ سے ۶۰۰ الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔
آپ کے لیے بہتر ہے کہ اپنے ہر جواب کے لیے مساوی وقت استعمال کیجیے۔
امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیجیے۔
ہر سوال یا اس کے حصے کے آخر میں مارکس [ ] میں دیے گئے ہیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

DC (LK/JF) 97375/1
© UCLES 2014

CAMBRIDGE International Examinations

**[Turn over**

PA CAMBRIDGE

www.PapaCambridge.com

## Section 1

## پہلا حصّہ

1 *Ghazlein*

## ا۔ غزلیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

ہم تجھ سے کس ہوس کی فلک جستجو کریں
دل ہی نہیں رہا ہے، جو کچھ آرزو کریں

مٹ جائیں ایک آن میں کثرت نمائیاں
ہم آئینے کے سامنے جب آکے ہُو کریں

تر دامنی پہ شیخ، ہماری نہ جائیو
دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں

سر تاقدم زبان ہیں جوں شمع گو کہ ہم
پر یہ کہاں مجال جو کچھ گفتگو کریں

ہر چند آئینہ ہوں، پر اتنا ہوں ناقبول
منہ پھیر لے وہ جس کے مجھے روبرو کریں

(دردؔ)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) ''خواجہ میر دردؔ کے اکثر اشعار تصوّف کے حامل ہیں۔'' مندرجہ بالا غزل کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) نصاب میں شامل آتشؔ کی کون سی غزل آپ کو زیادہ پسند ہے؟ وجوہات دے کر اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔

[25]

© UCLES 2014

PA CAMBRIDGE

**2** *Nazmein*

www.PapaCambridge.com

## یں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

کبھی کبھی مرے دل میں خیال آتا ہے
کہ زندگی تری زلفوں کی نرم چھاؤں میں
گزرنے پاتی تو شاداب ہو بھی سکتی تھی
یہ تیرگی جو مری زیست کا مقدر ہے
تری نظر کی شعاعوں میں کھو بھی سکتی تھی
عجب نہ تھا کہ میں بے گانۂ الم ہو کر
ترے جمال کی رعنائیوں میں کھو رہتا
ترا گداز بدن، تیری نیم باز آنکھیں
انہی حسین فسانوں میں محو ہو رہتا
پکارتیں مجھے جب تلخیاں زمانے کی
ترے لبوں سے حلاوت کے گھونٹ پی لیتا
حیات چیختی پھرتی برہنہ سر اور میں
گھنیری زلفوں کے سائے میں چھپ کے جی لیتا
(ساحرؔ)

(i) مندرجہ بالا نظم کا مرکزی خیال لکھیے۔

(ii) ''ساحرؔ کی شاعری میں عشق و مستی کی داستان اور سیاسی و سماجی ظلم و ستم کا تذکرہ نظر آتا ہے۔'' اس بیان کے حوالے سے نظم کبھی کبھی پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) ''فیضؔ نے اردو شاعری کو ایک نیا انداز دیا ہے۔'' بحث کیجیے۔

[25]

© UCLES 2014



PA CAMBRIDGE

www.PapaCambridge.com

## 3 *Nazmein*

## نظمیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

بتاؤں کیا تجھے اے ہم نشیں! کس سے محبت ہے
میں جس دنیا میں رہتا ہوں، وہ اُس دنیا کی عورت ہے
سراپا رنگ و بو ہے پیکرِ حسن و لطافت ہے
بہشت گوش ہوتی ہیں گہر افشانیاں اُس کی

وہ میرے آسماں پر اخترِ صبحِ قیامت ہے
ثریّا بخت ہے، زہرہ جبیں ہے، ماہِ طلعت ہے
مرا ایماں ہے، میری زندگی ہے، میری جنّت ہے
مری آنکھوں کو خیرہ کر گئیں تابانیاں اُس کی
وہ اک مضراب ہے اور چھیڑ سکتی ہے رگِ جاں کو
وہ چنگاری ہے لیکن پھونک سکتی ہے گلستاں کو
وہ بجلی ہے جلا سکتی ہے ساری بزمِ امکاں کو
ابھی میرے ہی دل تک ہیں شرر سامانیاں اُس کی
(مجازؔ)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) ''مجازؔ نے مندرجہ بالا نظم میں ایک روایتی محبوب کی تصویر کشی بڑے خوبصورت انداز سے کی ہے۔'' اس بارے میں اپنی رائے تفصیل سے لکھیے۔

یا

(ب) جوشؔ کو شاعرِ انقلاب بھی کہا جاتا ہے۔ نصاب میں شامل جوشؔ کی کون سی نظم ان کی شاعری کے اس پہلو کی ترجمانی کرتی ہے؟ وجوہات دے کر اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔

[25]

© UCLES 2014

PA CAMBRIDGE

**Section 2**

دوسرا حصّہ

www.PapaCambridge.com

**4** *Umrao Jan Ada*, Mirza Mohammad Hadi Ruswa

۴۔ امراؤ جان ادا، مرزا رسوا

(الف) ''اس ناول کے مردانہ کردار امراؤ جان ادا کے علاوہ تمام خواتین کرداروں سے زیادہ دلچسپ ہیں۔'' بحث کیجیے۔

یا

(ب) امیرن سے امراؤ جان ادا اور پھر ایک مشہور طوائف تک کے سفر میں سب سے بڑا کردار کس کا ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

[25]

**5** *Afsané*

۵۔ افسانے

(الف) ''محبت کچھ نہیں۔ انسان کے جینے کا مقصد اس کی مجبوریاں اور ضرورتیں ہیں''۔ افسانہ نظارہ درمیاں ہے کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) بشن سنگھ کے کردار پر تبصرہ کیجیے اور یہ بتائیے کہ افسانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں اس کردار کی کیا اہمیت ہے؟

[25]

**6** *Anar Kali*, Imtiaz Ali Taj

۶۔ انار کلی، امتیاز علی تاج

(الف) '' رانی کے کردار کی ڈرامے میں کوئی اہمیت نہیں ہے۔'' بحث کیجیے۔

یا

(ب) آپ کے خیال میں ڈرامہ انار کلی کی مقبولیت کی سب سے بڑی وجہ کیا ہے؟
کہانی، مکالمے یا کردار نگاری؟ اپنی رائے کا تفصیل سے اظہار کیجیے۔

[25]

© UCLES 2014

PA CAMBRIDGE

BLANK PAGE

www.PapaCambridge.com

© UCLES 2014

PA CAMBRIDGE

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

© UCLES 2014

PA CAMBRIDGE

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

*Copyright Acknowledgements:*

Question 1 © Dr Ali Mohammed Khan; *Sheri Adab;* Karwan Book House; May 2010.
Question 2 © Dr Ali Mohammed Khan; *Sheri Adab;* Karwan Book House; May 2010.
Question 3 © *Urdu Warsa;* Oxford University Press.

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.

© UCLES 2014

PA CAMBRIDGE